پریس ریلیز

جنزل ہسپتال : جشن آزادی کی تقریب ، پرچم کشائی اور کیک کاٹا گیا

لاہور 14 اگست:...... قائداعظمؒ اور پاکستان کے احسانات چکانے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ قوم کے تمام نوجوان اپنی اپنی فیلڈ میں مہارت کا ملکہ حاصل کریں تا کہ ہمیں دیگر قوموں کی طرف اپنی ضرورت کیلئے ہاتھ نہ بڑھانا پڑے۔

ان خیالات کا اظہار وائس پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد معین نے لاہور جنرل ہسپتال میں جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر نرسنگ کالج کی طالبات نے سبز آنچل اوڑھ کر قومی ترانہ وملی نغمے پڑھے اور حاضرین سے خوب داد سمیٹی۔ پروفیسر محمد حنیف،، پروفیسر جودت سلیم ، ڈاکٹر ریاض حفیظ ، ڈاکٹر عرفان ملک، ڈاکٹر عبدالعزیز ،نرسنگ سپرٹینڈنٹ میمونہ ستار، انور سلطانہ ،شہناز ڈار، خالدہ تبسم ،رانا پرویز، سمیت ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کثیر تعداد نے تقریب میں شرکت کی۔

پروفیسر محمد معین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل کے ہر شعبہ سے وابستہ افراد ملک وقوم کی خدمت کرنے کا منفرد موقع رکھتے ہیں اور وہ میڈیکل کی تعلیم و ریسرچ میں ہونے والی جدید ترقی و رجحانات سے اپنے آپ کو پوری طرح لیس کرکے دکھی انسانیت کی خدمت و دیکھ بھال اور قومی خدمت کا فریضہ با آسانی پورا کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 14 اگست ہمیں اپنے اس عزم کو بڑھانے اور اس پر ثابت قدم رہنے کے ارادے کے اظہار کا دن ہے کہ ہم ملکی ترقی،خوشحالی،دکھی انسانیت کی خدمت اور معاشرے سے بیماریوں کے خاتمہ کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں بے لوث طریقہ پر بروئے کار لائیں گے۔

مسز میمونہ ستار، خالدہ تبسم اور رانا پرویز کا کہنا تھا کہ قیام پاکستان برصغیر کے لاکھوں مسلمان کی عظیم الشان قربانیوں اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک جدوجہد کے نتیجہ میں معرض وجود میں آیا ہے جو اللہ کی ایک لازوال نعمت ہے، اس پر جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ نئی نسل کو حصول پاکستان کی جدوجہد اور جانی و مالی قربانیوں کے بارے میں تاریخی حقائق سے روشناس کروایا جائے تا کہ اسلاف کی قربانیاں نہ صرف تاریخ میں زندہ رہیں بلکہ طلبہ و طالبات کو بھی مکمل آگاہی حاصل ہو اور وہ مملکت خداداد کی حفاظت، ترقی وخوشحالی کیلئے ہر قسم کی عملی جدوجہد، تعلیم کے حصول اور جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرکے اقوام عالم میں اپنے ملک کا نام روشن کریں۔تقریب کے اختتام پر کیک کاٹا گیا اور مریضوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ کشمیریوں کی آزادی کیلئے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئیں۔

☆☆☆☆

جنرل ہسپتال میں جشن آزادی کی تقریب سے وائس پرنسپل پروفیسر محمد معین خطاب کر رہے ہیں

یوم آزادی کے موقع پر نرسنگ کالج ایل جی ایچ کی طالبات پودا لگا رہی ہیں